Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۵ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۵۵ھ مطابق ۳۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء جلد

حصہ اول

حکمہائے اجلاس عالیشان اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری تجویز عالیجناب پریمیر صاحب بہادر … میر محمد باقر علی خاں سپرنٹنڈنٹ ریونیو ڈپارٹمنٹ	۲

آرڈرز آف اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	منظوری الاؤنس منشی حامد علی خاں (پیشکار فائنانس آفس)	۲
۲	رخصت ایڈیشنل سول جج صاحب	//
۳	اضافہ منشی بانکے بہاری لال پیشکار و منشی کلرک ریونیو ڈپارٹمنٹ	۲

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- مورخہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء

ترمیم مصرحہ عرضداشت کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

باقی آرڈر

دستخط عالی مرتبت آغا حبیب منسٹر بہادر

شرف اعتبار یافتے

زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible] دستخط عالی جناب [illegible] منسٹر بہادر [illegible] ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعد عرض　　جناب عالی　　سر رشتہ

پیراگراف ۸ ریورٹ گریڈ کمیٹی منظور شدہ اجلاس ہمایوں بحکم نمبر ۵۰ مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں درج ہے کہ:-

"سید باقر علی خاں ہیڈکلرک ڈیولپمنٹ کا عہدہ سپرنٹنڈنٹ ریونیو ڈپارٹمنٹ انگلش آفس ہوگا"

عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ دفتر انگریزی منشی بانکے بہاری لال پیشکار کے تحت میں ہے اور وہی ہیڈکلرک ہیں۔ لہذا عبارت مذکورہ سے الفاظ "انگلش آفس" قابل اخراج ہیں۔

کونسل نے بھی جلسہ منعقدہ ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں ترمیم اخراج الفاظ مذکورہ سے اتفاق ظاہر کیا ہے۔ بنابراں آرزو [illegible] [illegible] سے حکم منظوری ترمیم اخراج الفاظ انگلش آفس [illegible]

آرڈرز ان اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت منظوری دس روپیہ ماہانہ الاونس منشی حامد علی خاں چپڑاسی (؟) رفاہ گانش بعہدہ عدالت گاربزمانہ رخصت عالی مرتبت مسٹر آر۔ ایس۔ ساتن صاحب بہادر ریونیو فائنانس منسٹر از ۱۰ رستمبر ۱۹۳۶ء تا واپسی صاحب موصوف پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب تجویز عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر منشی حامد علی خاں چپڑاسی رفاہ گانش کو دس روپیہ کا الاونس از ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء تا واپسی عالیمرتبت مسٹر آر ایس ساتن صاحب بہادر ریونیو وفائنانس منسٹر بعہدہ عہدگی کار علاوہ تنخواہ کے دلایا جانا منظور ہوئے۔ رقم الاونس کی گنجائش تدشاہرات فائنانس آفس میں ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری حضور اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات بابت منظوری رخصت ۱۰ یوم صاحب ایڈیشنل سول جج من ابتدائے ۱۱ لغایت ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ :-

صاحب ایڈیشنل سول جج بصورت خاص انتیس یوم کی رخصت ۸ جولائی ۱۹۳۶ء تا ۵ اگست ۱۹۳۶ء حاصل کر چکے ہیں۔ بسلسلہ علالت خود ۱۱ لغایت ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۶ء اتفاقیہ رخصت حاصل کی ہے۔ اس سلسلہ میں ۱۶ اکتوبر ۱۹۳۶ء تا ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء واسطے رخصت رعایتی کے مستدعی ہیں۔ چونکہ سابقہ رعایتی رخصت کو چھ ماہ کا عرصہ نہیں ہوا۔ اس لئے رعایتی رخصت قواعد مجریہ کی رو سے نہیں مل سکتی۔ بلحاظ مدت ملازمت رعایتی رخصت کا حق حاصل ہے لیکن دو قسم کی رخصت ایک وقت میں نہیں دیجا سکتی۔ لہذا طے پایا کہ :-

حسب تجویز عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر وتجویز فائنانس صاحب ایڈیشنل سول جج کی بارہ یوم کی رخصت رعایتی از ۱۱ تا ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء حسب دفعہ ۱۹ قواعد رخصت مجریہ منظور کیجاتی ہے۔ ایام رخصت میں صاحب سول جج کام علاوہ کے علاوہ ایڈیشنل سول جج کا کام بھی انجام دیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری حضور اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل : مورخہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں بہ تجویز عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر بابت اخراج الفاظ "انگلش آفس" مندرجہ پیراگراف ۲ رپورٹ گریڈ کمیٹی منظورشدہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۳۶ء و منظوری تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس منشی بانکے بہاری لال پیشکار و ہیڈ کلرک دفتر انگریزی عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر پیش ہو کر واضح ہوا کہ :-

۱۔ دفتر انگریزی کے ہیڈ کلرک پیشکار مذکور رہیں۔ اس لئے سید باقر علی خاں کا عہدہ سپرنٹنڈنٹ ریونیو ڈپارٹمنٹ رہے گا۔ اور "انگلش آفس" کے الفاظ پیراگراف مذکورہ سے خارج ہوں گے۔

۲۔ منشی بانکے بہاری لال پیشکار و ہیڈ کلرک انگریزی دفتر کو بصلہ حسن خدمات و انجام دہی کار دفتر انگریزی کا تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس قابل عطا ہے جو سال رواں میں مد مشاہرات صیغہ مال کی بچت سے ادا کیا جائے گا۔

۱۔ کونسل کو ترمیم اخراج الفاظ "انگلش آفس" مندرجہ پیراگراف ۲ رپورٹ گریڈ کمیٹی سے اتفاق ہے۔ بابت منظوری ترمیم پیشگاہ معلّٰی میں گزارش کیا جائے۔

۲۔ حسب سفارش زبانی عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر منشی بانکے بہاری لال پیشکار و ہیڈ کلرک کی موجودہ تنخواہ میں تیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور کیا جاتا ہے رقم اضافہ بشرط گنجائش اضافہ جات کی منظور شدہ رقم سے ادا کی جائے۔ ورنہ مد مشاہرات صیغہ مال کی بچت سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

بابت منظوری ترمیم مصرحہ بالا اجلاس ہمایوں میں عرضداشت پیش کیجائے۔ آرڈر ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ متعلقہ کو مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل